# پاکستانی خبروں پر تبصرے

# 21/05/2025

---

## 1-خلافت راشدہ ثانی امت مسلمہ کو خلافت کے پلیٹ فارم پہ یکجا کر کے دشمنانِ اسلام پر قہر بن کر برسے گی

13 مئی کو بھارتی فوج کی ترجمان نے کہا کہ 8 مئی کی رات پاکستانی فوج نے ترک ساختہ "سونغار" (Songar) ڈرونز کا استعمال کرتے ہوئے بھارتی سرزمین کے اندر 36 مقامات کو نشانہ بنایا۔ ترکی جیسے خوبصورت مسلم ملک اور پاک سرزمین کے درمیان یہ محدود عسکری تعاون مسلم اُمت کی مجموعی صلاحیتوں کا مظہر ہے، جس نے کفر کے ایوانوں میں لرزہ پیدا کیا۔ تو جب خلافت قائم ہو جائے گی، تو ہندو، یہودی اور صلیبی استعمار پر کیا گزرے گی؟! ﴿وَلَا تَهِنُوا فِي ابْتِغَاءِ الْقَوْمِ ۖ إِن تَكُونُوا تَأْلَمُونَ فَإِنَّهُمْ يَأْلَمُونَ كَمَا تَأْلَمُونَ ۖ وَتَرْجُونَ مِنَ اللَّهِ مَا لَا يَرْجُونَ ۗ وَكَانَ اللَّهُ عَلِيمًا حَكِيمًا﴾ اور تم اس دشمن قوم کا پیچھا کرنے میں کمزوری نہ دکھاؤ، اگر تمہیں تکلیف پہنچتی ہے تو وہ بھی اٹھا رہے ہیں، لیکن تم اللہ سے ایسی امیدیں رکھتے ہو جیسی وہ نہیں رکھتے، یقیناً اللہ سب کچھ جاننے والا حکمت والا ہے۔(سورۃ النساء، آیت 104)"

## 2-پاکستانی فضائیہ کے شاہینوں کے ہاتھوں یہودی تکبر کو آئرن ڈوم سمیت زمین بوس کرنے کا وقت آ گیا ہے

بلومبرگ نے 14 مئی 2025 کو رپورٹ کیا کہ پاکستان ایئر فورس کے چینی ساختہ J-10C طیاروں کی بھارتی ایئر فورس کے فرانسیسی رافیل لڑاکا طیاروں کو کامیابی سے مار گرانے کے بعد چینی ہتھیاروں کی عالمی

مار کیٹ میں قدر میں اضافہ دیکھا گیا۔اس کامیابی نے یہودی وجود کو خوفزدہ کر دیا ہے اور اس امر کی تصدیق کر دی ہے کہ امت مسلمہ کے کمانڈوز، انفنٹری فورسز اور ٹینکوں کو متحرک کرنے سے قبل، پاکستان ایئر فورس کے شاہینوں کی یہودی وجود پر بڑے فضائی حملے کی قیادت کرنے کے لیے تیاری مکمل ہے۔اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ﴿وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَالْمُسْتَضْعَفِينَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ وَالْوِلْدَانِ﴾ "آخر کیا وجہ ہے کہ تم اللہ کی راہ میں اُن بے بس مردوں، عورتوں اور بچوں کی خاطر نہ لڑو جو کمزور پا کر دبا لیے گئے ہیں" [سورہ النساء: 75]۔

## 3-مذاکرات سے خیر کی توقع نہیں کی جاسکتی، خاص طور پر جب ان کی سرپرستی کافر استعماری امریکہ کر رہا ہو

15 مئی 2025 کو وائٹ ہاؤس کی پریس سیکریٹری نے کشمیری ویٹر سے ہونے والی ایک مختصر گفتگو کا ذکر کیا، اس کے مطابق ویٹر نے اسے کہا کہ وہ امریکی صدر کا شکریہ ادا کرے کہ اس نے بھارت اور پاکستان کے درمیان جنگ رکوانے میں کردار ادا کیا۔اب، امریکہ اور اس کے عرب و عجم کے ایجنٹ اُمت مسلمہ اور اس کے دشمنوں، یہودیوں اور ہندوؤں، کے درمیان تعلقات کی بحالی کے لیے سازگار ماحول تیار کر رہے ہیں۔ ہم مسلمانوں کو عمومی طور پر، اور اہلِ پاکستان کو خصوصی طور پر خبردار کرتے ہیں کہ اسلام اور مسلمانوں کے دشمنوں کے ساتھ، خصوصاً بھارت میں مشرک ہندوؤں اور فلسطین میں یہودیوں کے ساتھ، جاری سیاسی چالاکیوں اور مذاکرات سے کوئی بھلائی حاصل نہیں ہو گی، خاص طور پر جب ان کی نگرانی کافر استعماری امریکہ کر رہا ہو، جیسا کہ اِس وقت ہو رہا ہے، وہ ہر وقت اور ہر جگہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے دشمنی کرتا ہے۔

## 4-یہودی وجود کے بمباری کرنے والے جنگی جہازوں کو اللہ ﷻ کی نصرت سے تباہ کرنا اب ناگزیر ہو چکا ہے

غاصب یہود وجود کی فضائیہ نے جمعہ، 15 مئی 2025 کی صبح سے ہر چار منٹ بعد غزہ پر فضائی حملہ کئے، جس کے نتیجے میں ایک دن میں 143 مسلمان شہید اور 200 سے زائد زخمی ہوئے۔ یہ مناسب وقت نہیں کہ ہم اللہ تعالیٰ کی نصرت اور اس کے عطا کردہ اطمینان قلب کے بعد ہندوؤں پر حاصل ہونے والی فضائی برتری کا جشن منائیں۔ ہماری فضائیہ کو اللہ کی نصرت کے ساتھ یہود وجود کے حملہ آور جنگی طیاروں پر فضائی برتری قائم کرنا ہوگی۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿وَمَا جَعَلَهُ ٱللَّهُ إِلَّا بُشْرَىٰ وَلِتَطْمَئِنَّ بِهِۦ قُلُوبُكُمْ ۚ وَمَا ٱلنَّصْرُ إِلَّا مِنْ عِندِ ٱللَّهِ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ﴾ "اور اللہ نے اس (نصرت) کو محض خوشخبری بنایا اور تاکہ اس سے تمہارے دل مطمئن ہو جائیں، اور نصرت تو صرف اللہ ہی کی طرف سے ہے۔ بے شک اللہ غالب ہے، حکمت والا ہے۔"

## 5- غزہ کو مسلمانوں کی افواج کی ضرورت ہے، نا کہ محض انسانی امداد

17 مئی 2025 کو بغداد میں ہونے والی عرب سربراہی کانفرنس کے اختتامی بیان میں غزہ کے لیے انسانی امداد کی فراہمی پر زور دیا گیا۔ تاہم مسلمانوں پر مسلط ان حکمرانوں نے خواہ وہ عرب سے ہوں یا عجم، پچھلے ڈیڑھ سال سے مسلم افواج کو یہودیوں کے خلاف قتال سے روک رکھا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں یہودیوں سے قتال اور ان پر فتح اور عظیم اجر کی بشارت دی۔ أخرج مسلم في صحيحه عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ، «لَتُقَاتِلُنَّ الْيَهُودَ فَلَتَقْتُلُنَّهُمْ...» صحیح مسلم میں ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "تم ضرور یہودیوں سے لڑو گے اور انہیں قتل کرو گے..."۔ امتِ مسلمہ اور اس کی افواج پر لازم ہے کہ وہ دوسری خلافتِ راشدہ کو قائم کریں تاکہ اس مبارک سرزمین کو نہر سے بحر تک آزاد کرایا جاسکے۔

## 6- آیئے ہم خلوصِ نیت اور سنجیدگی کے ساتھ خلافتِ راشدہ کے قیام کے لیے کوشاں ہوں، تاکہ یہ فلسطین اور کشمیر کے مظلوم مسلمانوں کے لیے ایک مضبوط ڈھال بن سکے

18 مئی 2025 کو، یہودی وجود کی فوج نے بیت لاحیہ میں انڈونیشین اسپتال پر اس وقت حملہ کیا، جب چند ہی گھنٹے قبل انہوں نے غزہ کی پٹی کے شمال اور جنوب میں بڑے زمینی آپریشنز کے آغاز کا اعلان کیا تھا۔ ان فضائی حملوں کے نتیجے میں تین دنوں میں 500 افراد شہید ہوئے۔ فلسطین میں یہودیوں سے قتال اور ان کے وجود کا خاتمہ، ہندوستان کو فتح کرنا، اور ان دونوں سرزمینوں میں اسلام کی نصرت کو قائم کرنا ـــــ اللہ ﷻ کے حکم سے ـــــ ایک یقینی اور حتمی وعدہ ہے۔ یہ اُس رسولِ برحق، امین و صادق ﷺ کی پیشین گوئی ہے۔ لیکن اللہ ﷻ کا فیصلہ ہے کہ نصرۃ آسمان سے فرشتوں کے ذریعے اس وقت تک نازل نہیں ہوگی جب تک ہم محض تماشائی بنے بیٹھے ہوں۔ بلکہ اس کے لیے ہمیں اخلاص، وفاداری، جدوجہد اور انتھک محنت کے ساتھ میدانِ عمل میں آنا ہوگا، اور اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لانا ہوں گی۔

## 7- امت کی بحری افواج کو زمینی اور فضائی پیش قدمی سے پہلے یہودی وجود کا سمندر کے راستے محاصرہ کرنا چاہیے

19 مئی 2025 کو یمن میں "انصار اللہ" کے فوجی ترجمان نے اعلان کیا کہ انہوں نے حیفا بندرگاہ پر بحری محاصرہ نافذ کرنے کا عمل شروع کر دیا ہے، جو کہ غزہ پر یہودی وجود کی جارحیت میں شدت کے جواب میں ہے۔ اے پاک بحریہ کے افسران! اللہ ﷻ نے فرمایا: ﴿هُوَ سَمَّاكُمُ الْمُسْلِمِينَ﴾ "اس نے تمہارا نام مسلمان رکھا ہے" [سورۃ الحج: 78]. اللہ ﷻ کے مددگار بنو، اور اپنے بھائیوں، یمن اور فلسطین کے مسلمانوں کی مدد کرو۔ اپنی بحریہ کے قرآن سے ماخوذ شعار پر عمل کرو: ﴿حَسْبُنَا اللَّهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ﴾ "اللہ ہمارے

لیے کافی ہے، اور وہی بہترین کارساز ہے" [سورۃ آل عمران: 173]. اسلامی بحری افواج کی قیادت کرو اور غزہ کی مدد میں سبقت لے جاؤ۔